ہفتہ آگاہی کالاموتیا رپورٹ

تعارف: ہفتہ آگاہی کالاموتیا ایک عالمی مہم ہے جس میں دُنیا میں کالاموتیا کے بارے میں عوام کو آگاہی دی جاتی ہے۔کالاموتیا آنکھوں کی ایک خطرناک بیماری ہے اس بیماری سے ہونے والا آنکھوں کا نقصان دائمی ہوتا ہے اور ایک وقت پر اس کا علاج ممکن نہیں رہتا جس سے انسان ہمیشہ کیلئے اندھا ہو جاتا ہے۔کالاموتیا دُنیا میں اندھے پن کی تیسری بڑی وجہ ہے۔دُنیا میں تقریباً 45 لاکھ لوگ کالاموتیا کی وجہ سے اندھے پن کا شکار ہیں۔اس سے زیادہ تشویش کی بات یہ ہے کہ ترقی یافتہ ممالک میں 50% اور غیر ترقی یافتہ ممالک میں 90% لوگ اس بیماری سے بے خبر رہتے ہیں۔

پیکو (PICO) کا ہفتہ آگاہی کالاموتیا کا پروگرام:

پاکستان انسٹیٹیوٹ آف کمیونٹی افتھلمالوجی محکمہ صحت حکومت خیبر پختونخوا کا آنکھوں کی صحت کا ایک ممتاز ادارہ ہے۔اس کا قیام 1997 میں لایا گیا جس کا مقصد پورے ملک اور خصوصاً صوبہ خیبر پختونخوا میں اندھے پن کے پھیلاؤ کو روکنا اور کم کرنا ہے۔پیکو ہر سال یہ ہفتہ بہت جوش و جزبے سے مناتا ہے۔اس سال بھی پیکو نے ہفتہ آگاہی کالاموتیا کے سلسلے میں مختلف پروگرامز ترتیب دیئے۔یہ ہفتہ آگاہی کالاموتیا بروز پیر 8 مارچ سے 12 مارچ 2021ء تک منایا گیا۔اس سال عالمی ہفتہ آگاہی کالاموتیا کا موضوع تھا "دُنیا روشن ہے، اپنی نظر کی حفاظت کریں"۔

پیکو میں ہفتہ عالمی آگاہی کالاموتیا کے حوالے سے سرگرمیاں:

پیکو نے عالمی ہفتہ آگاہی کالاموتیا منانے کے حوالے سے مختلف قسم کے پروگرام ترتیب دیئے جن مین پورے صوبے کے ضلعی، مرکزی ہسپتالوں میں آگاہی کالاموتیا کے بارے میں بیداری مواد کی تقسیم، 8 مارچ سے 12 مارچ تک کالاموتیا کا مفت تشخیصی کیمپ، 9 مارچ کو بیداری واک، 10 مارچ کو کالاموتیا کے حوالے سے طلباء میں پینٹنگ مقابلہ، 11 مارچ کو آگاہی کالاموتیا کے حوالے سے ایک دن کی ورکشاپ اور ٹی وی و ریڈیو پر عوام کی آگاہی کے پروگرام شامل تھے۔

سرگرمیوں کی تفصیل

ا۔ یکم مارچ کو پیکو نے تمام ضلعی، مرکزی ہسپتالوں کے شعبہ چشم کے انچارج کو بیداری مواد جس میں بینرز، پوسٹرز اور دستی اشتہارات شامل تھے۔عالمی ہفتہ آگاہی برائے کالاموتیا شروع ہونے سے پہلے بھجوائے اور ساتھ انچارج شعبہ امراض چشم اور آپٹومیٹرسٹ کو ہدایات دی گئیں کہ اپنے اپنے ہسپتالوں میں اس تشہیری مواد کو آویزاں کریں اور عوام کی آگاہی کے سلسلے میں مختلف سرگرمیاں ترتیب دیں۔آپٹومیٹرسٹ کی رپورٹس کے مطابق صوبے کے بیشتر اضلاع کے ہسپتالوں میں عالمی آگاہی ہفتہ کالاموتیا کے سلسلے میں طب کے عملے اور عام عوام کی آگاہی کے سلسلے میں مختلف سرگرمیوں کا انعقاد کیا گیا جن کی تصویری جھلکیاں درج ذیل ہیں۔

ڈسٹرکٹ دیر لوئر

ڈسٹرکٹ لکی مروت

ب۔5 دن کالاموتیا مفت تشخیصی کیمپ کا انعقاد:

بروز پیر مورخہ 8 مارچ 2021ء تک کالاموتیا کی اسکریننگ کا حیات آباد میڈیکل کمپلیکس میں انعقاد کیا گیا۔ معروف ماہر امراض چشم جناب پروفیسر شاد محمد صاحب نے اس کیمپ کا بروز پیر 8 مارچ کو صبح 9:30 بجے افتتاح کیا اور اس کیمپ کی کامیابی کی دعا کی اس موقع پر پیکو کے ڈائریکٹر پروفیسر جناب ثناءاللہ جان صاحب، حیات میڈیکل کمپلیکس سے میڈیکل اور ہاسپٹل ڈائریکٹرز صاحبان اور فیکلٹی بھی موجود تھی۔ کیمپ کے افتتاح کے بعد مہمان خصوصی اور ڈائریکٹر پیکو نے اس بیماری کی علامات، وجوہات اور علاج کے سلسلے میں میڈیا سے بات کی، کالاموتیا کی اسکریننگ کا یہ 5 دن کا مفت کیمپ کافی کامیاب رہا اور اس میں مجموعی طور پر 717 مریضوں کی سکریننگ کی گئی جن میں 15% عورتیں بھی شامل تھی۔ ان مجموعی مریضوں میں 45 افراد جن میں کالاموتیا کی علامات تھیں کو مزید علاج کیلئے HMC کے شعبہ چشم میں منگل کے دن کالاموتیا کی OPD کو ریفر کیا گیا۔

پ۔کالاموتیا بیداری واک:

بروز منگل 9 مارچ 2021ء کو عالمی ہفتہ آگاہی کالاموتیا کے سلسلے میں ایک بیداری واک کا انعقاد کیا گیا جس میں ڈائریکٹر پیکو، شعبہ چشم HMC اور ہسپتال کی انتظامیہ، پیکو کے طلباء نے بھرپور شرکت کی یہ واک پیکو گیٹ سے شروع ہوکر خیبر میڈیکل یونیورسٹی (KMU) کے ادارے "فزیکل میڈیسن اور بحالی" کے گیٹ تک کی گئی۔

ت۔مقابلہ مصوری:

10 مارچ 2021ء بروز بدھ کو پیکو کے احاطے میں پشاور کے مختلف میڈیکل کالجز کے طلباء وطالبات کے درمیان کالاموتیا کے موضوع پر ایک مصوری مقابلہ منعقد کیا گیا۔ اس مقابلے میں خیر میڈکل کالج، خیبر گرلز میڈیکل کالج، رحمان میڈیکل کالج، نارتھ ویسٹ میڈیکل کالج، پشاور میڈیکل کالج، پاک انٹرنیشنل میڈیکل کالج اور پیکو کے طلباء نے بھرپور تیاری کے ساتھ حصہ لیا۔ معروف ماہر امراض چشم پروفیسر ضیاءالاسلام اس مقابلے کے مہمان خصوصی تھے اور پروفیسر شہزاد اکبر صاحب، پروفیسر ضیاء محمد صاحب، اور مس سادیہ ریاض صاحبہ اس مقابلے کی جج تھی۔ مقابلہ مصوری کے اختتام پر ان ججز نے تمام تصاویر کا باریک بینی سے جائزہ لیا اور آخر میں مہمان خصوصی نے تین کامیاب ترین پینٹنگز کا اعلان کیا۔ ججز کے فیصلے کے مطابق پہلی دو پوزیشن خیبر میڈیکل کالج کے طلباء اور تیسری پوزیشن پشاور میڈیکل کالج کے طلباء نے حاصل کی۔ پہلی، دوسری اور تیسری پوزیشن کے حامل طلباء کو نقد 20 ہزار 15 ہزار اور 10 ہزار انعام دیا گیا۔ مقابلے کے آخر میں مہمان خصوصی نے مقابلہ مصوری کے انتظامات کی تعریف کی اور اس کے مقصد کو سراہا۔

ج۔کالاموتیا کے حوالے سے ورکشاپ

11 مارچ 2021ء کو کالاموتیا کے حوالے سے PGMI حیات آباد میڈیکل کمپلیکس پشاور میں ایک روزہ ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا جس میں قومی وصوبائی سطح کے نامور ماہر امراض چشم نے لیکچر دیئے۔ ن ماہرین نے کالاموتیا کے مختلف پہلوؤں پر پر روشنی ڈالی۔اس ورکشاپ میں شعبہ امراض چشم HMC، پیکو کے طلباء اور فیکلٹی ممبران نے شرکت کی۔جبکہ عالمی شہرت یافتہ ماہر امراض چشم فیسر محمد داؤد خان نے خصوصی طور پر ورکشاپ سے خطاب کیا۔ورکشاپ کے آخر میں مہمان خصوصی پروفیسر شہزاد اکبر میڈیکل ڈائریکٹر HMC نے ورکشاپ کے مقررین کو اعزازی شیلڈز سے نوازا۔

د۔ٹی وی اور تشہیری ریڈیو پروگرامز

پیکو کے عالمی آگاہی ہفتہ کالاموتیا کی ایک اہم سرگرمی کالاموتیا کے بارے میں ٹی وی اور ریڈیو پر تشہیری پروگرامز کا انعقاد تھا۔ان پروگرامز میں ماہرین امراض چشم نے عوام کو کالاموتیا کے بارے میں مفید معلومات فراہم کیں اس مہم کے سلسلے کا پہلا پروگرام PTV نیشنل پر بدھ 10 مارچ کو نشر ہوا جس میں HMC کے ڈاکٹر یوسف جمال محسود اور ڈاکٹر ضیاءالدین خلیل نے کالاموتیا کے بارے میں مفید بحث کی۔اس کے بعد اگلے دن جمعرات 11 مارچ 2021ء کو پروفیسر ضیاءالاسلام ماہر امراض چشم، ڈاکٹر محمد ذاہد جدون صاحب ڈپٹی ڈائریکٹر PICO اور ماہر امراض چشم پروفیسر ثناءاللہ جان صاحب ڈائریکٹر PICO نے ریڈیو پاکستان پشاور میں کالاموتیا کے سلسلے میں ایک پروگرام میں شرکت کی۔اس طرح PICO نے کالاموتیا کے بارے میں الیکٹرانک میڈیا کے ذریعے لاکھوں لوگوں تک مفید پیغام پہنچایا

ذ۔ پرنٹ میڈیا اور فارماسوٹیکل انڈسٹری کا کردار

پیکو کے عالمی آگاہی ہفتہ کالاموتیا مہم کو کامیاب بنانے میں الیکٹرانک میڈیا کے ساتھ ساتھ پرنٹ میڈیا اور فارماسوٹیکل انڈسٹری خاص کر IBL HEALTH CARE Pvt Ltd کا خاصہ اہم کردار رہا، پرنٹ میڈیا، اخبار نے پیکو کے عالمی آگاہی ہفتہ برائے کالاموتیا کے سلسلے میں منعقد کی گئی تمام سرگرمیاں اور پروگرامز کو بھرپور کوریج دی جبکہ IBL HEALTH CARE Pvt Ltd فارمانے پیکو کی اس تشہیری مہم کی مالی معاونت کی۔ اس طرح پیکو کی عالمی آگاہی ہفتہ کالاموتیا کی مہم جو بروز پیر 8 مارچ سے شروع ہوئی تھی کامیابی کے ساتھ جمعہ 12 مارچ کو اختتام پذیر ہوئی۔